# احادیثِ امام حسنؑ

# مومنین کے لئے خوشخبری

Whatsapp پر دینی معلومات جیسے کہ عقائد،

اخلاقیات، درس قرآن

فقہی مسائل، "خواتین کے مخصوص مسائل"

وظیفے، میمبرز کے فقہی سوالات، جو وہ الگ سے پوچھ سکتے

ہیں

کلمات امیر المومنینؑ از نہج البلاغہ، احادیث معصومینؑ

ہر مناسبت کے حوالہ سے اعمال

دعائیں اور دیگر دینی معلومات حاصل کرنے کے لئے قرآن و

عترت کے گروپ کو جوائن کریں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے گروپ میں شامل ہونے

کے لئے ان میں سے کسی ایک پر کلک کریں۔

تمام گروپ میں مشترکہ نشریات بھیجی جاتی ہیں اسلئے ایک

سے زائد گروپ میں شامل نہ ہوں تاکہ دوسری بھی شامل ہو

کر استفادہ کرسکیں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے دینی ویڈیوز Youtube پر دیکھنے

کے لئے ہمارے Youtube channel کو Subscribe کریں

اسلامی گرافکس کے لئے Instagram پر Follow کریں

اور ہماری Facebook Page کو Like کریں




# تعلیم وتعلم کی فضیلت

اپنا علم لوگوں کو سکھاؤ اور دوسروں کے علم سے فائدہ حاصل کرو تاکہ تمہارا علم مستحکم و مضبوط ہو اور جس کو علم نہ ہو، وہ سیکھ لے۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (کشف الغمہ، ج ۱، ص ۵۷۲)

QURANOITRATACADEMY




## بچوں کو علم سیکھنے کی ترغیب

بے شک تم اس خاندان کے بچے ہو، اور بہت جلد ایک
دوسرے خاندان کے بزرگ بن جاؤ گے، علم سیکھو۔ تم میں
سے جو مطالب کو حفظ کرنے پر طاقت نہیں رکھتا۔ وہ لکھ کر
اپنے گھر رکھ لے۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۲۲، ص۱۱۰)

QURANOITRATACADEMY




# مشورے کی تاکید

کسی گروہ نے بھی مشورہ نہیں کیا مگر یہ کہ اُس
مشورہ کی وجہ سے اپنے ہدایت کے راستے کی
رہنمائی حاصل کر لی۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص۱۰۵)

QURANOITRATACADEMY




# فکر کرنے کی فضیلت

تم پر فکر کرنا واجب ہے کیونکہ فکر عقلمند انسان کے دل کی زندگی ہے اور دانائی و حکمت کے دروازوں کی چابی ہے۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص۱۱۵)

QURANOITRATACADEMY




# قیامت کے دن کے لئے

اے آدم کے بیٹے! جب سے تو اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے، اُس وقت سے تیری عمر ختم ہو رہی ہے۔ جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے، اُسے آخرت کیلئے بچا کر رکھ۔ مومن آخرت کیلئے بچاتا ہے اور کافر دنیا ہی میں فائدہ حاصل کر لیتا ہے۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص۱۰۶)

QURANOITRATACADEMY




# نعمات الٰہی سے متعلق

جب تک خدا کی نعمتیں موجود ہوتی ہیں، پہچانی نہیں جاتیں اور جب یہ نعمتیں منہ موڑ لیتی ہیں تو تب معلوم ہوتی ہیں۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص۱۱۵)

QURANOITRATACADEMY




# نوافل کے متعلق

جو نوافل واجبات کو نقصان پہنچائیں تو
نوافل کو ترک کر دو۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (تحف العقول، ص ۲۳۴)

QURANOITRATACADEMY




# بھائی چارے کے متعلق

## بھائی چارہ یہ ہے کہ مشکل اور آسانی میں وفا کی جائے۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص ۱۱۶)

QURANOITRATACADEMY




# لوگوں سے میل جول

لوگوں کے ساتھ اس طرح زندگی گزارو اور میل جول رکھو جس طرح تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ میل جول رکھیں۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (بحار، ج۷۸، ص ۱۱۶)

QURANOITRATACADEMY




# بہترین آنکھ، کان اور دل

تیز ترین آنکھیں وہ ہیں جو نیکی اور اچھائی میں کھلی ہوں۔ زیادہ سننے والا کان وہ ہے جو نصیحت سنے اور اس سے فائدہ حاصل کرے۔ محفوظ ترین اور سالم ترین دل وہ ہیں جو شبہ سے پاک ہوں۔

حدیث امام حسن علیہ السلام۔ (تحف العقول، ص ۲۳۵)

QURANOITRATACADEMY